مسلمانوں کو دے رہے ہیں۔

ہم مصنف اور ناشر کو مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اس کتاب کو منصۂ شہود پہ لا کر اُردو ادب کی ایک کمی پوری کی ہے۔

سرورِ کونین، اغیار کی نظر میں | مؤلف: بشیر احمد سید۔ ناشر: کتاب مرکز بازار فاروق گنج گوجرانوالہ۔ صفحات ۲۰۰۔ کاغذ سفید۔ کتابت وطباعت عمدہ۔ قیمت ۶/- روپے۔

دنیا میں بہت کم شخصیات ایسی گزری ہیں کہ جنہیں اپنوں اور بیگانوں سب نے خراجِ عقیدت پیش کیا ہو۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے بعد یہ اعزاز صرف سرورِ کونین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے کہ ہر دور میں ہر مذہب وملت کے پیرو آپ کی تعریف میں رطب اللسان نظر آتے ہیں۔ آپ کا بے داغ کردار اور آپ کا عظیم اخلاق ایک ایسی حقیقت ہے کہ جس سے کسی کو مجالِ انکار نہیں یہی وجہ ہے کہ آپ کی بارگاہِ فضائل و محامد میں جو بھی داخل ہوا، سرِ فخر و غرور جھکا کر داخل ہوا اور گلہائے عقیدت نچھاور کیے بغیر نہ رہ سکا۔ بشیر احمد سید صاحب نے زیرِ تبصرہ تالیف میں انہی گلہائے عقیدت کو پیش کیا ہے۔ اس مجموعہ میں متعدد معروف ہندو، سکھ اور مسیحی اہلِ علم کے رشحاتِ فکر شامل ہیں جنہوں نے آپ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر قلم اٹھایا ہے۔ آخر میں غیر مسلم شعرائے کرام کا نعتیہ کلام بھی درج ہے۔

اِس مجموعہ کے مطالعہ سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ دنیائے جدید کے غیر مسلم اکابر، اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے بارے میں کیا احساسات رکھتے ہیں۔

ہماری رائے میں اگر مضامین اور اقتباسات کے مآخذ بھی بیان کر دیئے جاتے تو کتاب کی استنادی حیثیت بہت بڑھ جاتی۔ نیز آئندہ ایڈیشن میں کتابت کی بعض ناگوار غلطیوں کی بھی اصلاح کر دی جانی چاہیے۔